بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نمازجنازہ

نماز جنازہ فرض کفایہ ہے یعنی اہل محلّہ میں سے چند افراد کی شرکت کافی ہے ہر شخص کی شرکت ضروری نہیں ہے۔ ہاں البتہ معلوم ہونے کے باوجود محلّہ میں سے کوئی فرد بھی جنازہ میں شریک نہیں ہوتا تو اس گناہ میں سب شریک ہوں گے **نماز جنازہ کے دو رکن ہیں** ۱۔ چار مرتبہ تکبیر کہنا ۲۔ نماز جنازہ کھڑے ہو کر ادا کرنا **نماز جنازہ کی تین سنتیں ہیں** ۱۔ اللہ کی حمد و ثناء کرنا ۲۔ درود شریف پڑھنا ۳۔ میّت کے لئے دُعاء کرنا۔

نمازجنازہ کی ادائیگی کا طریقہ

پہلی تکبیر کے بعد یہ ثناء پڑھیں

سُبۡحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمۡدِكَ وَتَبَارَكَ اسۡمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيۡرُكَ **دوسری تکبیر کے بعد یہ درود پڑھیں** اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيۡتَ عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبۡرٰهِيۡمَ اِنَّكَ حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكۡتَ عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبۡرٰهِيۡمَ اِنَّكَ حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ **تیسری تکبیر کے بعد یہ دعا پڑھیں** اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَآئِبِنَا وَصَغِيۡرِنَا وَكَبِيۡرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنۡثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنۡ اَحۡيَيۡتَهٗ مِنَّا فَاَحۡيِهٖ عَلَى الۡاِسۡلَامِ وَمَنۡ تَوَفَّيۡتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الۡاِيۡمَانِ **نابالغ لڑکے کیلئے یہ دعا پڑھیں** اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجۡعَلۡهُ لَنَا اَجۡرًا وَّذُخۡرًا وَّاجۡعَلۡهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا **نابالغ لڑکی کے لئے یہ دعا پڑھیں** اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجۡعَلۡهَا لَنَا اَجۡرًا وَّذُخۡرًا وَّاجۡعَلۡهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً ط

چوتھی تکبیر کے بعد دائیں بائیں (سلام پھیرنے کے بعد دونوں ہاتھ چھوڑ دیں۔

جن حضرات کو نماز جنازہ میں پڑھی جانے والی ثناء درود شریف اور دُعا یاد نہ ہو تو مخصوص دعاؤں کے یاد کرنے تک حسب ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

(پہلی تکبیر کے بعد نماز میں پڑھی جانے والی ثناء پڑھیں) سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ

دوسری تکبیر کے بعد درود ابراہیم پڑھیں۔

(تیسری تکبیر کے بعد نماز کے آخر میں پڑھی جانے والی دعا یا کوئی اور دعا پڑھیں) رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ط بعد ازاں سلام پھیر دیں۔

نوٹ: بعض حضرات نماز جنازہ میں امام کے تکبیر کہتے وقت سر جھکا لیتے ہیں۔ یہ عمل درست نہیں۔ نیز نماز جنازہ پڑھتے وقت اگر یقین ہو کر جوتا اندر اور باہر سے پاک ہے تو جوتا پہن کر یا جوتے کے اوپر پاؤں رکھ کر نماز جنازہ پڑھی جا سکتی ہے ورنہ نہیں۔

شعبہ نشر و اشاعت خانقاہ امدادیہ اشرفیہ۔ اشرف المدارس
گلشن اقبال بلاک نمبر ۲ پوسٹ بکس نمبر ۱۱۱۸۲ کراچی ۷ ۴۔ فون نمبر: ۴۶۱۹۵۸